رہبر انقلاب اسلامی نے پارلیمنٹ اور مجلس خبرگان کے انتخابات کے لئے ووٹ ڈال دیا - 26 /Feb/ 2016

رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای نے اسلامی جمہوریہ ایران کی پارلیمنٹ مجلس شورائے اسلامی اور مجلس خبرگان رہبری کے لئے منعقدہ انتخابات کے لئے ہونے والی ووٹنگ کا سلسلہ شروع ہوتے ہی حسینیہ امام خمینی رح میں اپنا ووٹ بلیٹ بکس نمبر ۱۱۰ میں ڈالا۔

حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے ووٹ دالنے کے بعد اپنی گفتگو میں انتخابات کو ملت ایران کا وظیفہ اور حق قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ انتخابات ایک عظیم کام ایک عمل خیر اور ہر دور میں اہمیت کا حامل عمل ہے اور بعض مواقع پر اس کی اہمیت اور زیادہ ہوجاتی ہے اور اسلامی معارف اور احکامات میں بھی کار خیر انجام دینے کے لئے پیشقدمی اور تیزی دکھانے کا حکم دیا گیا ہے۔

رہبر انقلاب اسلامی نے اس وظیفے کے انجام دینے اور حق کا اظہار کرنے کے لئے تیزی دکھانے پر تاکید کرتے ہوئے فرمایا کہ جس طرح ہم نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ ایران کے سارے عوام ، وہ تمام افراد کہ جو اسلامی جمہوریہ اور ایران سے اور قومی عزت، عظمت اور شان و شوکت سے محبت کرتے ہیں ان انتخابات میں شرکت کریں۔

آپ نے اسی طرح عوام کو انتخابات میں خلوص نیت اور ملکی اعتبار میں اضافے اور ملکی استقلال اور قومی عزت اور حمیت کے ساتھ شرکت کی دعوت دیتے ہوئے فرمایا کہ انتخابات میں شرکت، قومی عزت اور استقلال ہے اور ہمیں ایسے دشمنوں کو سامنا ہے کہ جنہوں نے حریصانہ نظریں جما رکھی ہیں اور انتخابات کو اس طرح منعقد ہونا چاہئے کہ جو دشمن و مایوس اور نا امید کردے۔

حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے تاکید کے ساتھ فرمایا کہ عوام کو سنجیدگی اور بصیرت اور آنکھیں کھلی رکھ کر ووٹ ڈالنا چاہئے اور یہ عمل بھی ان حسنات کی طرح ہے کہ جس کا اجر جلد یا بدیر دنیا میں ملنے کے ساتھ ساتھ آخرت میں بھی دیا جائے گا۔

رہبر انقلاب اسلامی نے اس امید کا اظہار کیا کہ ملت ایران ان انتخابات میں گذشتہ انتخابات کی طرح شرکت کرنے کی توفیق حاصل کر کے ملک کی عزت اور ترقی و پیشرفت کا سبب بنیں گے۔